مجلّہ فقہِ اسلامی کا ایک سال

محرم ۱۴۲۱ھ تا ذوالحجہ ۱۴۲۱ھ

قارئین و عمائدین کے تاثرات و تبصرات

جامعہ نظامیہ رضویہ لاہور سے

حضرت علامہ محمد عبدالحکیم شرف قادری صاحب تحریر فرماتے ہیں :

آپ کا علمی و تحقیقی مجلّہ فقہِ اسلامی باقاعدگی سے مل رہا ہے۔ نوازش و کرم کا ممنون ہوں'

ظهر الفساد فی البر و البحر کے مصداق موجودہ دور کا ایک فتنہ یہ بھی ہے کہ کچھ لوگ فقہ کی مخالفت میں بہت سرگرمی دکھا رہے ہیں' حالانکہ فقہ' قرآن و حدیث کا وہ نچوڑ ہے جسے ائمہ مجتہدین نے مرتب کر کے امت مسلمہ پر احسان عظیم کیا' پھر ہر دور کے فقہاء ان مسائل پر تحقیق اور غور و خوض کرتے رہے' اب یہ کتنی بڑی احسان ناشناسی ہوگی کہ پندرہویں صدی کا کوئی آدمی اٹھ کر یہ کہے کہ امام ابو حنیفہ اور امام شافعی قرآن و حدیث کے منشا کو صحیح نہیں سمجھ سکے' ان کے مقابلہ میں میرا سمجھنا صحیح ہے' حالانکہ ائمہ دین مجتہدین خیر القرون سے تعلق رکھتے ہیں اور امتِ مسلمہ کے علماء صدیوں سے ائمہ دین کے بیان کردہ مسائل پر عمل کرتے چلے آرہے ہیں۔

آپ نے فقہ اسلامی کے عنوان سے وقیع مجلّہ نکال کر وقت کی ضرورت کو پورا کیا ہے۔ یہ مجلّہ ظاہری محاسن کے ساتھ ساتھ علمی اور تحقیقی مقالات پر مشتمل ہوتا ہے' اللہ تعالیٰ آپ کو مزید ہمت اور استقامت عطا فرمائے تاکہ آپ اس مجلّہ کو زیادہ سے زیادہ مفید بنا سکیں۔